لافتی الا علی لاسیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۳ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲ ذیقعدہ ۱۳۳۵ھ مطابق ۲۰ اگست ۱۹۱۷ء | جلد ۲۹

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	نسبت رسید قرضہ خزانچیان ۔	۱
۲	رخصت انجنیر صاحب برقی روشنی	۳
۳	عطائے الاؤنس بہ ڈاکٹر مکھن گنگا وغیرہ تو	״
۴	استقلال تنخواہ بصیغہ ال واضافہ احتیج عیلدار صاحب شاہ آباد	״
۵	رخصت ہاسپٹل اسسٹنٹ شفاخانہ ۔	״
۶	تقرر مع اضافہ وحید الحسن محرر محافظ خانہ صدر	״
۷	اضافہ سب انسپکٹر پولیس	״
۸	رخصت نائب تحصیلدار صاحب حضور تحصیل	״
۹	اضافہ محمود احمد خاں اہلمد	״
۱۰	نقشہ جات بارش و نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایوں بندگانِ حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۳ اگست ۱۹۱۷ء

نمبر ۱ عرضداشت خزانچی صاحبان سرکار باستدعائے صدور حکم نسبت عطو رقم قرضہ خوردگی ملازمان با خذ رسید نامبردگان ۔

قرضہ خزانچیان سرکار کی بابت احکام موجود ہیں اُنکے خلاف کسی ترمیم کی ضرورت نہیں ہے خزانچی صاحبان جو قرضہ بپابندی حکم دیا کریں اُسکی رسید حسب ضابطہ خود دیا کریں یا قبل از معاوضہ دستخط کرا لیا کریں احکام جاری ہوں ۔

(دستخط)

ملخص احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۱۵ اگست ۱۹۱۶ء

حسب استدعائے صاحب ہوم سکرٹری بہادر مسٹر ڈی این ملک انجنیر برقی روشنی کی رخصت مزید تعدادی انیس یوم منظور ہوئی موافق احکام گذشتہ ان انیس یوم کی بابت مسٹر ماجد علیخاں اسسٹنٹ انجنیر روشنی برقی کو بحساب پچاس روپیہ ماہوار الاونس ملیگا

الاونس

۱۵ اگست ۱۹۱۶ء

حسب استدعائے صاحب ہوم سکرٹری بہادر - ڈاکٹر لچھمن گنگا دھر ناتو کا بیس روپیہ ماہوار الاونس من ابتدائے ۱۹ فروری ۱۹۱۶ء در شفاخانجات سے منظور فرمایا گیا جب تک وہ شفاخانجات میں رہینگے یہ الاونس بدستور پاتے رہینگے ۔

اضافہ

۲۳ اگست ۱۹۱۶ء

حسب رپورٹ ریونیو سکرٹری صاحب بہادر منشی منظر قیوم نائب تحصیل مستعفیٰ شاہ آباد کی تنخواہ صیغہ مال میں مستقل فرمائی گئی اور موجودہ مشاہرہ پینتیس روپیہ ماہوار میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ ہوکر تنخواہ چالیس روپیہ ماہوار قائم فرمائی گئی منجملہ چالیس روپیہ کے سترہ روپیہ ماہوار تا ادائے زر قرضہ سرکاری ذمگی منظر قیوم وضع ہوکر ماہ بماہ سرکار میں سیاہہ ہوتے رہینگے باقی تیئیس روپیہ ماہوار منشی منظر قیوم کو ملا کرینگے ۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر

رخصت

۱۹ اگست ۱۹۱۶ء

حسب تحریر انچارج اسسٹنٹ سرجن صاحب رخصت رعایتی دو ہفتہ خواجہ رشید الدین ہاسپٹل اسسٹنٹ شفاخانہ ملک منظور ہوئی برائے دو ہفتہ مکندرام ہیلتھ ڈاکٹر صدر شفاخانہ بجائے مشار الیہ کام کرینگے ۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

تقرر

۱۲ اگست ۱۹۱۶ء

حسب رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر و سفارش حاکم صاحب صدر وحید الحسن محرر محافظ خانہ صدر مشاہرہ وار دس روپیہ باضافہ پانچ روپیہ بجائے عبد العلیم خاں اہلمد متوفی کے مقرر کیے گئے ۔

اضافہ

۱۲ اگست ۱۹۱۶ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس بسلسلہ بجٹ تنخواہ سید شوکت حسین اسسٹنٹ انسپکٹر سابق حیدر علیخاں اسسٹنٹ انسپکٹر مشاہرہ وار تیس روپیہ ماہوار کا یکم ستمبر سنہ حال سے دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہوا ۔

رخصت

۲۶ اگست ۱۹۱۶ء

حسب تصدیق تحصیلدار صاحب حضور تحصیل رخصت مزید ایک ہفتہ منشی امتیاز علیخاں نائب تحصیلدار کی منظور ہوئی ۔

ملخص حکم اجلاس صاحب اسٹیٹ انجنیر بہادر

اضافہ

۱۹ اگست ۱۹۱۶ء

حسب سفارش درخواست منشی محمود احمد خاں اہلمد اجلاس کی تنخواہ میں بوجہ حسن انجام خدمات چار روپیہ ماہوار اضافہ یکم جولائی سنہ حال سے منظور ہوا ۔

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدائے ۱۷ لغایت ۲۳ اگست ۱۹۱۷ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد آج	از یکم جون	تعداد آج	از یکم جون	تعداد آج	از یکم جون	تعداد آج	از یکم جون	تعداد آج	از یکم جون	تعداد آج	از یکم جون
۱۷ اگست ۱۹۱۷ء یوم جمعہ	۰	۱۲۲	۰	۱۹۱	۰	۲۵۸	۰	۱۵۲	۰	۱۳۰	۰	۱۲
۱۸ " " شنبہ	۰	۱۲۲	۰	۱۹۱	۰	۲۵۸	۵	۱۵۷	۰	۱۳۰	۰	۱,۱
۱۹ " " یکشنبہ	۲	۱۲۴	۲	۱۹۳	۰	۲۵۸	۰	۱۵۷	۰	۱۳۰	۴	۲۵
۲۰ " " دوشنبہ	۰	۱۲۴	۱۴	۱۷۷	۲	۲۶۰	۱۰	۱۶۷	۰	۱۳۰	۵	۱۳۰
۲۱ " " سہ شنبہ	۰	۱۲۴	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۲۶۰	۰	۱۶۷	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۱۳۰
۲۲ " " چہارشنبہ	۳۲	۱۵۶	۰	"	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	"	۰	نقشہ نہیں آیا
۲۳ " " پنجشنبہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۲۰ لغایت ۲۶ اگست ۱۹۱۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۹ سار	۰	۹،۱۰ سار	۱۰ سار	۹ سار ۱۰ سار	۰	شاہ آباد و ٹانڈہ سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۱۲ سار	۰	۱۲،۱۰ سار	۱۴ سار	۱۵ سار	۰	
نخود دسرامیز	۱۴ سار	۰	۱۵ سار	۱۵ سار	۱۶ سار	۰	
[illegible]	۱۷ سار	۰	۱۵،۱۰ سار	۱۶ سار	۱۷ سار	۰	
[illegible]	۸ سار	۰	۸ سار	۷ سار	۸ سار	۰	
مونٹ	۹ سار	۰	۸ سار	۰	۷ سار	۰	
مکا	۱۲ سار	۰	۱۲ سار	۱۴ سار	۱۴ سار	۰	
جئی ولایتی	۱۹ سار	۰	۱۴ سار	۱۸ سار	۲۰ سار	۰	
گرجی	۰	۰	۱۲ سار	۰	۱۳ سار	۰	
ماش	۹ سار	۰	۱۰ سار	۰	۱۱ سار	۰	
ارہر	۱۳ سار	۰	۱۵ سار	۰	۱۵ سار	۰	
برنج	۶ سار	۰	[illegible]	[illegible]	۶،۱۰ سار	۰	
روغن زرد	۱ سار	۰	[illegible]	۱ سار	۱ سار	۰	
روغن سیاہ	۲ سار	۰	۲ سار	[illegible]	۲ سار	۰	
روغن کنجد	۱ سار	۰	۲ سار	۰	۱۰۱ سار	۰	
نمک سانبھر	۱۰ سار	۰	۱۲ سار	۱۱ سار	۱۲ سار	۰	
نمک لاہوری	۹ سار	۰	۸ سار	۸ سار	۱۰ سار	۰	
قند سیاہ	۳ سار	۰	۳ سار	۳ سار	۳ سار	۰	
باجرہ	۲۰ سار	۰	۰	۰	۹ سار	۰	